بلیک اینڈ وائٹ فلمز کا پیش کردہ

मस्ताना

مستانہ

اداکاران
موتی لال۔ روہی۔ نگار سلطانہ۔ کلدیپ کور وغیرہ

قیمت ۱ر

رتن اینڈ کو بک سیلرز دریبہ کلاں دہلی

(کمال پرنٹنگ پریس دہلی)

مستانہ کے گانے

نمبر ۱

دُنیا کے سارے غموں سے بیگانہ
مَیں ہوں مستانہ میں ہوں مستانہ
جیتا ہوں دُنیا میں اپنی خوشی سے
نہ دُشمن کسی کا نہ اُلفت کسی سے
دِن رات میرا یہی ہے ترانہ ...... میں ہوں مستانہ ....
ناشاد ہوں یا دِلشاد ہوں مَیں
دُنیا کے جھگڑوں سے آزاد ہوں مَیں
یہ سارا جہاں ہے میرا آشیانہ .... مَیں ہوں مستانہ ....
جینا یا مرنا ہنسنا یا رونا
ہوتا رہے گا جو کچھ ہے ہونا
کھائیں گے ہم اور کمائے زمانہ .... مَیں ہوں مستانہ ....

نمبر ۲

مت بھُول ارے انسان
تیری نیکی بدی نہیں اُس سے چھپی
سب دیکھ رہا بھگوان .... مت بھُول ......
ہے جس نے بنایا مٹائے وہی
پھُول کانٹوں کو سنگ سنگ کھلائے وہی
کھیل جیون مرن کا رچائے وہی
ڈالے ماٹی کے پتلے میں جان ... مت بھُول ...
جو بدھاتا نے لکھی اُسے مان لے

پیران دیو سے وہی اندر نہیں پیران لے
تیرے بس میں ہے کیا یہ ذرا جان لے
تو ہے نربل تو وہ بلوان ..... مت بھول ....

نمبر: منگا:۔ ننگی جو کی ہی چھٹی ستی اتنی بہنا
کورس:۔ ناچے مورے انگنا میں منا پہلا پہلا
منگا:۔ باپ مستانہ ہے تو بیٹا ہے رنگیلا
جلو:۔ بڑا ہو کے بنے گا یہ چھیل چھبیلا
منگا باپ ہے ہٹا کٹا تو بیٹا ہو گا ڈھیلا.. ناچے مورے
مستانہ۔ گول مول چاچا تیرا ننھی منی چاچی
واہ رے یہ جوڑی جیسے پان میں الائچی
چاچی بھولی بھالی تو چاچا بڑا چھیلا..... ناچے مورے....
منگا:۔ یہ گا جوان منا ہو کے آئیگا
ابا بڑی شان سے سہرا کھلائیگا
مستانہ:۔ لے نہ آنا منا کہیں چاچی جیسی کیلا.... ناچے مورے

نمبر: منگا:۔ کنواروں کا بھی دنیا میں خدا ہوتا تو کیا ہوتا
ہمارے گھر میں بھی چولہا جلا ہوتا تو کیا ہوتا
اکیلے کس طرح کاٹیں سفر یہ زندگانی کا
ہمیں تو زہر لگتا ہے یہ موسم نوجوانی کا
کسی کا ساتھ قسمت میں لکھا ہوتا تو کیا ہوتا.... کنواروں
جلو:۔ مرے جاتے ہیں فاقوں سے مگر شادی کی حسرت ہے
ڈھونڈ ذرا پھٹے پھرتے ہیں بیوی کی ضرورت ہے

خدا نے اُن کو پیدا نہ کیا ہوتا تو کیا ہوتا... کنوارے دیں

شکا۔ اگر کھیسے میں زر ہوتا تو اچھی سی کوئی لا تے
تمہارے در پہ چکر کاٹ کر جوتے نہ گھِسواتے
اگر کچھ چھوڑ کر ابّا مرا ہوتا تو کیا ہوتا... کنوارے دیں...

نمبشہ۔ غبارے والا۔ راجہ کا ہاتھی لے لے۔ گڑیا کا ساتھی لے لے
دیکھ پیسے چار میرے ننھے منے یار

بنیا۔ پریوں کی نانی لے لے، چھوٹی سی رانی لے لے
دیکھ پیسے چار، لے لے یہ مینا بازار

غبارے والا۔ ہر مال کی قیمت ایک آنہ

بنیا۔ پوچھ لے بابو رے جانا

غبارے والا۔ لے کے میں آیا دیکھ کیسے کھلونے
ہرے بھرے نیلے پیلے۔ سانولے سلونے

بنیا۔ دیکھو بڑی دور سے کھلونے والی آئی
گیند، غبارہ، گھوڑا۔ طوطا۔ مینا لائی
چاہیے یہ راجہ لے لے
چاہیے یہ باجہ لے لے
دیکھ پیسے چار لے لے یہ مینا بازار

غبارے والا۔ راجہ کا ہاتھی لے لے.....

نمبلہ:۔ بنیا۔ رو رو کے یاد کرے۔ ممتا فریاد کرے
آ جا میرے لال، میری خوشیوں کے سنسار
چھپ گیا چاند میرا کون بدریا

ڈھونڈ پھری میں تو ساری نگریا

آنکھوں کی جان آجا، ماتا کے پران آجا... آجا میرے لال
غبارے والا۔ راجہ کا ہاتھی لے لے

بلنیا:۔ آجا میں سینے سے تجھکو لگالوں
جنم جنم کی پیاس بجھالوں
دِنوں میں دُہائی تیری، سن لے پکار میری... آجا میرے لال
غبارے والا۔ راجہ کا ہاتھی لے لے

نمبر:۔ جھوم جھوم کے دو دیوانے گاتے جائیں گلی گلی (ریپیٹ)
اپنی دُھن میں مستی کا پیغام سنائیں گلی گلی
دُنیا والو یہ دُنیا ہے بستی کس کے باپ کی
آج اگر ہے کل نہ ہوگی یہاں ضرورت آپکی
جھوم جھوم کے... اپنی دُھن میں...
آگ پیٹ کی کیا کیا مانگے روٹی کے دو ٹکڑے
بڑے لوگ پھر کیوں کرتے ہیں چھوٹوں کے سو ٹکڑے
دیوانے کو ستانے کو بات یہ دِل کی کہنے دو
محلوں والو محل کے نیچے کُٹیا کو بھی رہنے دو
جھوم جھوم کے... اپنی دُھن میں...

نمبر:۔ شملہ:۔ چین سے آیا چینی بابا لے کے جادو چین کا
دیکھو دیکھو دیکھو یہ کھیل تماشہ بین کا
دیکھو میرے پاس ہے جادو کی پٹاری
جادو کی پٹاری میں ہے چین کی دُلاری

نام ہے جس کا، نی فی ماما یو کو ہاما
پریوں کی ہے یہ شہزادی
بھولی بھالی سیدھی سادی
پاس ہیں اسکے بڑے خزانے
کھاتی ہے سونے کے دانے
بچے۔ چینی بابا ہمیں دکھاؤ
سُندر۔ نہ نہ نہ مت ہاتھ لگاؤ
اسی شرط پہ آئی ہے یہ چین کی شہزادی
اس کو ہاتھ لگانے والا کر لیگا اس سے شادی
چین سے آیا........ دیکھ دیکھو دیکھو......
بلّو۔ شادی کو ہوں میں تیار
سُندر۔ نہ نہ بچہ ہوشیار
کرلیگا جو بھی شادی بیٹا شہزادی کے سنگ
پہلے کالے بھوت سے اسکو لڑنی ہوگی جنگ۔
بچے:۔ کالا بھوت اُدئی ماں
کالا بھوت ممی
کالا بھوت ڈیڈی
سُندر:۔ بڑا بھیانک کالا بھوت
سولہ ہاتھوں والا بھوت
بلّو۔ جنگ کروں گا اُس کے ساتھ
توڑ کے رکھ دوں سولہ ہاتھ

سندر:۔ کالے بھوت آجا آجا آجا آجا

بلو:۔ دیکھا بابا میرا کام
بھوت کا ہو گیا بولو رام
لاؤ اب شہزادی کو
میں تیار ہوں شادی کو۔

شہزادی:۔ آؤ میرے سجنا سماں ہے سہانا
ہل مل ایسے میں گائیں چینی گانا
چنگ چنگ چنگ چنگ چیاؤں چیاؤں
چیں چنگ چنگ چنگ چنگ چیں چیں

سندر:۔ پنگ پنگ پنگ پنگ پیاؤں پیاؤں
پیں پنگ پنگ پنگ پنگ پیں پیں

ختم شد

تمباکو کے مرکبات یعنی تمباکو کی دوکان